# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 5th September, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3. MR. IBRAR AHMAD** to invite attention of the Minister for Housing and Works, to a matter of urgent public importance regarding delay in handing over of possession of flats in Sector G-13, Islamabad to allottees under the quota reserved for Constitutional bodies despite the passage of several years, causing grave concern amongst the public.

**MOTION UNDER RULE 259**

**4. Further** discussion on the following motion moved by Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs on 1st September, 2025:-

**"this House may discuss the situation arising out of recent floods in the Country."**

**INTRODUCTION OF BILLS**

**5. MR. M JUNAID ANWAAR CHAUDHRY,** Minister for Maritime Affairs, to introduce a Bill to facilitate and implement Hong Kong International Convention for the Safe and Environmentally Sound Recycling of Ships, 2009, by effectively addressing environmental, occupational health and safety risks related to ship recycling, and to ensure hazardous waste from such ship recycling is subject to environmentally sound management in sustainable way [The Environmentally Sound Management of Inventory of Hazardous Material on Ships Bill, 2025].

**6. MR. MUHAMMAD HANIF ABBASI,** Minister for Railways**,** to introduce a Bill further to amend the Transfer of Railways Order, 1962 [The Transfer of Railways (Amendment) Bill, 2025].

**ORDINANCES TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**7. SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before the National Assembly the Virtual Assets Ordinance, 2025 (No. VII of 2025), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. **(Laid in the Senate on 15-08-2025)**

**8. SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to lay before the National Assembly the Frontier Constabulary (Re-Organization) Ordinance, 2025 (No. VIII of 2025), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

## PRESENTATION OF THE REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**9.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Income Tax Ordinance, 2001 [The Income Tax (Second Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**10.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Income Tax Ordinance, 2001 [The Income Tax (Second Amendment) Bill, 2025].

**11.** **MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI,** Chairman Standing Committee on Housing and Works, to move that delay in presentation of report of the Standing Committee on the Bill to provide for establishment of Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority [The Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority Bill, 2025], till today be condoned.

**12.** **MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI,** Chairman Standing Committee on Housing and Works, to present report of the Standing Committee on the Bill to provide for establishment of Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority [The Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority Bill, 2025].

## LEGISLATIVE BUSINESS

**13.** Consideration of the following motion moved by **MR. BILAL AZHAR KAYANI,** Minister of State for Railways and Finance and Revenue**,** on 11th August, 2025:-

> "that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**14.** **MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], be passed.

## PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:

**15.** **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to lay before National Assembly the Annual Report 2024 of the Election Commission of Pakistan, as required under sub-section (2) of section 16 of the Elections Act, 2017.

**16.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Human Rights, to lay before National Assembly the Annual Report of Council of Islamic Ideology for the year 2021-22, as required by the Article 230 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

## PRESENTATION OF PERIODICAL REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**17. CH. MAHMOOD BASHIR VIRK,** Chairman Standing Committee on Law and Justice, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**18. MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI,** Chairman Standing Committee on Housing and Works, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**19. HAJI IMTIAZ AHMED CHOUDHRY,** Chairman Standing Committee on Kashmir Affairs, Gilgit-Baltistan and States and Frontier Regions, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**20. MS. NUZHAT SADIQ,** Chairperson Standing Committee on Government Assurance, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**21. MR. ABDUL QADIR PATEL,** Chairman Standing Committee on Maritime Affairs, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**22. RANA IRADAT SHARIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Parliamentary Affairs, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st January, 2025 to 30th June, 2025, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

**23. Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## CALLING ATTENTION NOTICE

**24. SAHIBZADA SIBGHATULLAH** **MR. SALEEM REHMAN**
**MR. AMJAD ALI KHAN** **MR. SHAHRAM KHAN**
**MR. MUHAMMAD BASHIR KHAN** to invite attention of the Minister-in-Charge of the Cabinet Secretariat to a matter of urgent public importance regarding lack of preemptive measures and timely relief and support by NDMA during the recent floods in the country, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**4th September, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۵ ستمبر، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب ابرار احمد** وزیر برائے مکانات و تعمیرات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کئی سال گزرنے کے باوجود سیکٹر جی۔۱۳، اسلام آباد میں آئینی اداروں کے مختص کوٹہ کے تحت الاٹیوں کو فلیٹوں کا قبضہ دینے میں تاخیر سے متعلق ہے۔

## تحریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۴۔ یکم ستمبر، ۲۰۲۵ء کو ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے پیش کردہ درج ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

**"یہ ایوان ملک میں حالیہ سیلابوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔"**

## بلوں کا پیش کرنا

۵۔ **جناب محمد جنید انوار چوہدری**، وزیر برائے بحری امور، بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کا بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۶۔ **جناب محمد حنیف عباسی**، وزیر برائے ریلوے، ریلوے کی منتقلی آرڈر، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ریلوے کی منتقلی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے آرڈیننس

۷۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق ورچوئل اثاثہ جات آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبر ۷ بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔ (۱۵/اگست، ۲۰۲۵ء کو سینیٹ کے سامنے رکھا گیا)۔

۸۔ **سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق فرنٹیئر کانسٹیبلری (تنظیم نو) آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبر ۸ بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۹۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل تحریک پیش کریں گے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [انکم ٹیکس (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۰۔ **سید نوید قمر،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [انکم ٹیکس (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **مولانا عبدالغفور حیدری،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے مکانات و تعمیرات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان ادارہ برائے ترقی بنیادی ڈھانچہ و انتظام اثاثہ جات کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کے بل [پاکستان ادارہ برائے ترقی بنیادی ڈھانچہ و انتظام اثاثہ جات بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۲۔ **مولانا عبدالغفور حیدری،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے مکانات و تعمیرات، پاکستان ادارہ برائے ترقی بنیادی ڈھانچہ و انتظام اثاثہ جات کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کے بل [پاکستان ادارہ برائے ترقی بنیادی ڈھانچہ و انتظام اثاثہ جات بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۱۳۔ **جناب بلال اظہر کیانی،** وزیر مملکت برائے ریلوے اور خزانہ و محاصل کی جانب سے ۱۱/اگست، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔

"کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کر کے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔"

۱۴۔ **جناب قیصر احمد شیخ،** وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ تحریک پیش کریں گے کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کر کے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۱۵۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور انتخابات ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۶ کی ذیلی دفعہ (۲) کی مقتضیات کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان کی سالانہ رپورٹ ۲۰۲۴ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۶۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ،** وزیر برائے قانون و انصاف اور انسانی حقوق اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۲۳۰ کی مقتضیات کے مطابق اسلامی نظریاتی کونسل کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۲-۲۰۲۱ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹ کا پیش کرنا

۱۷۔ **چوہدری محمود بشیر ورک،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۸۔ **مولانا عبدالغفور حیدری،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے مکانات و تعمیرات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۹۔ **حاجی امتیاز احمد چوہدری،** چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے امور کشمیر، گلگت۔ بلتستان اور ریاستیں و سرحدی علاقہ جات قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۰۔ **محترمہ نزہت صادق،** چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے حکومتی یقین دہانیاں قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۲۱۔ **جناب عبدالقادر پٹیل،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بحری امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۲۲۔ **رانا ارادت شریف خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جنوری، ۲۰۲۵ء تا ۳۰ جون، ۲۰۲۵ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۲۳۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۴۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** **جناب سلیم رحمان** **جناب امجد علی خان** **جناب شہرام خان**

**جناب محمد بشیر خان** وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک میں حالیہ سیلابوں کے دوران این ڈی ایم اے کی جانب سے پیشگی اقدامات، بروقت ریلیف اور مدد کے فقدان سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،** **طاہر حسین**

**۴ ستمبر، ۲۰۲۵ء** **سیکرٹری جنرل**